ان اللہ علیٰ کل شیٔ قدیر

بعون افضال خدای سخن آفرین و خالق زمان و زمین رسالۂ لاجواب

ارمغان احباب

از تالیف لطیف منشی قادر علی صاحب ابن جناب منشی غلام حسن صاحب مرحوم و مغفور

در مطبع شاہجہانی حلیۂ انطباع پوشید

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الحمد للہ الذی خلق الذکر والانثیٰ والصلوٰۃ والسلام علیٰ محمدن المصطفیٰ وآلہ واصحابہ المجتبیٰ اما بعد محمد قادر علی محرر سطور خاک نشین صفی پور مقبول بارگاہ علم یزلی منشی شیخ ضامن علی صاحب مرحوم مغفور تلمیذ جناب مولوی محمد شکر اللہ صاحب بلہاری الارغوانی الداودی المکنپوری شائقین سخن کی خدمت مین نیاز نگر کہ زباندانی کے لیے محاورہ شناسی ایسی ضرور ہے جیسے انسان کے لیے تہذیب اور نوآموز کے لیے ادیب بالخصوص ہر لفظ کی تحقیق تذکیر و تانیث اور سند کی جستجو شبانہ روز کی ورق گردانی اکثر اوقات باعث پریشانی ہوتی ہی اگرچہ اس امر خاص مین اساتذۂ مشہور نزدیک و دور نے رسائل متعددہ تالیف فرما کر شائقین کو مشکور کیا مگر تاہم اپنی رائے عالی سے زیادہ تر کام لیا ہی اور کہین ندرتاً سند کا بھی حاشیہ پر زاید سمجھکر نام لیا ہی پس خاک نشین بزم سخندانی نے اکثر رسائل معتبر اور دواوین سخنوران نامور کی مدتون خدمتگذاری کرکے ایک ایک پھول ہر باغ سخن سے چن کر ایک گلدستہ بنایا اور اوسکا بیساختہ تاریخی نام **ارمغان احباب** پایا جسکو محفل قدس منزل خادمان علیا حضرت زبیدہ منزلت بانی آئین عدالت گستری موجد دستور رعایا پروری قدر افزای ہنرمندان حاجت روای مستمندان حاتم نوال سکندر اقبال منہل جود و کرم جناب حضور پر نور نواب شاہجہان بیگم صاحبہ کارکیای ریاست بھوپال دامت بالعز والتفاخر والاقبال مین بامید حصول شرف قبول پیشکش کرتا ہون

اگرچہ نذر مری لائق قبول نہین	ترا کرم نہ گوارا کریگا رد کرنا

متوقع ان اہل ہنر سے امید ہی کہ اگر کسی سند سے حظ اوٹھائین دعای خیریت خاتمہ سے راقم کو یاد فرمائین گو کلام اپنا نہین پیدا یا ہی مگر ہر لفظ کی جستجوی سند [illegible] ت خون جگر کھایا ہی اگر سہو بشری سے

لی پائین اصلاح سے مزین فرمائین خوشہ چینی خرمن اساتذہ ہی کوئی نازک خیالی نہین تاہم جو بشر ہی
چوک سے خالی نہین ہے

بشر کوئی نہین دنیا مین عیب سے خالی	پھر اعتراض کوئی کیون کرے سخنور پر

فوائد

(۱) جن الفاظ کی آخر مین (الف) یا (ہ) ہو مگر (۱) مصدر عربی مثل تماشا (۲) یا مونث اسم تفضیل مثل عقبی
نا ی تانیث مثل ملکہ کی نہو وہ اسم مذکر ہونگی جیسے دریا صحرا پردہ وغیرہ یہ قاعدہ اکثریہ ہی نہ کلیہ جیسا آیندہ بتفصیل واضح ہوگا

(۲) جن اسما کی آخر مین یای معروف ہوگی سوای اسم پیشہ والون کی اکثر مونث بولی جاینگی بخلاف
جی - پانی - موتی - گھی و دہی کی -

(۳) جن اسما کی آخر مین کلمات ذیل ہونگی (۱) آب مثل سیلاب - سیماب - وخوناب - وغیرہ (۲) دان
بدان - نمکدان - وخاندان وغیرہ (۳) مان - مثل آسمان ودرمان وغیرہ بخلاف ریسمان (۴) وان مثل کاروان
یاوان بخلاف توان (۵) وبان - مثل سایبان بادبان ودربان وغیرہ بخلاف نردبان مذکر بولی جاینگی -

(۴) جن اسمای فارسیہ کی آخر مین کلمات (۱) ستان مثل گلستان و بوستان (بمعنی باغ) بخلاف گلستان
ن (نام کتب معروف) - (۲) زار مثل گلزار (۳) وسار مثل کوہسار ہونگی وہ بھی مذکر بولی جاینگی -

(۵) جن اسمای ہندی کے آخر مین کلمہ پن آتا ہی مثل لڑکپن کی مذکر بولا جاتا ہی -

(۶) جن اسما کے آخر مین کلمہ بند آتا ہی مثل شکاربند وعلی بند وغیرہ کی مذکر بولی جاینگے -

(۷) جو مصدر عربی کا تفعیل کے وزن پر ہو مثل تدبیر و تقدیر وغیرہ کی مونث ہوگا بخلاف تعویذ کے -

(۸) حاصل مصدر فارسی جسکے آخر (ش) مکسور ہو جیسے لغزش وکاہش وغیرہ مونث بولا جاتا ہی -

(۹) الفاظ جو ایک جماعت یا قوم کے لیے مستعمل ہون مذکر بولی جاتی ہین مثل ہندو مسلمان وبرہمن وغیرہ کی -

(۱۰) جو جمع کہ بروزن افعال کی ہو واحد مذکر بولی جاتی ہی مثل احوال و ارباب وغیرہ کی بخلاف لفظ اوقات -

(۱۱) جتنے خطاب ذات عاشق ومعشوق کے لیے مستعملہ شعرا ہین مثلاً رنجور مہجور دلبر ستمگر وغیرہ مذکر بولی جاینگی -

(۱۲) جن اسمای ہندی کی آخر مین کلمات (۱) ہوٹ مثل سانوٹ ٹھوٹ وغیرہ (۲) کار مثل جھنکار وغیرہ (۳) اس
یہی مثل بکواس و مٹھاس وغیرہ (۴) ونون مصدری مثل جلن و سوجن وغیرہ بخلاف چلن کی ہون مونث بولی جاینگی

فائدہ (۱۳) جملہ اقسام کی رنگ مثل چمپئی۔ زعفرانی۔ آسمانی وغیرہ اشیای مذکر کے ساتھ مذکر اور مؤنث کے ساتھ مؤنث بولی جاتی ہین۔

فائدہ (۱۴) جملہ اسمای بحور مثل مقلوب۔ طویل۔ ومتقارب وغیرہ (۲) اکثر اسمای کتب مروجہ مثل گلستان وبوستان (۳) ونام ندیون کی مثل گنگا وجمنا وغیرہ کی مؤنث مستعمل ہین۔

فائدہ (۱۵) مصادر اسمای عربی اکثر مذکر ہوتی ہین اور کمتر مؤنث۔

فائدہ (۱۶) جن اسما کی آخر تای مصدر عربی یا (ٹ) حاصل مصدر ہندی کی آوی مثل غفلت۔ عظمت۔ وصنعت۔ لگاوٹ ورکاوٹ وغیرہ وہ بھی مؤنث ہونگی بخلاف لفظ شربت۔

فائدہ (۱۷) زبان کی جتنے نام ہین سب مؤنث بولی جاتی ہین مثل عربی۔ ترکی۔ رومی۔ پارسی۔ انگریزی وہندی وغیرہ کی بخلاف زبان اُردو۔

فائدہ (۱۸) جتنے نام مہینون کی ہین خواہ عربی کی ہون خواہ فارسی خواہ انگریزی خواہ ہندی کی سب مذکر بولی جاتی ہین مثل محرم الخ۔ آبان الخ۔ جنوری الخ۔ وکاتک الخ۔

فائدہ (۱۹) جس کلمہ کی آخر مین یای نسبت آتی ہی اگر وہ کلمہ منسوب مذکر ہی تو مذکر بولا جائیگا اور اگر مؤنث ہی تو مؤنث آئیگا۔ مثلاً عربی ترکی سے جہان اسپ مراد ہوگی مذکر بولین اور جہان زبان مراد ہوگی مؤنث بولینگے۔

فائدہ (۲۰) جن اسما کی جمع (ین) سی ہوتی ہی مؤنث ہوتی ہین۔ مثل۔ میز۔ جدول۔ سطر۔ وغیرہ کی۔ فقط

التماس ضراعت اساس

ناظرین رسالہ کی خدمت مین عاجزانہ التماس ہی کہ فوائد ہذا کا مدار استقرا وتتبع پر ہی اسلیے اکثریہ ہین نہ کلیہ۔ کیونکہ بنا تذکیر وتانیث ہر لفظ مستعملہ فصحا کی سند اساتذۂ مسلم الثبوت پر ہی پس اگر سخنوران نازک خیال کوئی سند مذکر کی مؤنث یا بالعکس ملاحظہ مین لاوین جدول مین مطابق سند کی مختلف نیہ وغیرہ بنائین۔ اور معترف بہ عجز وقصور کو بھی بمزید تحقیق آگاہ فرما کر مشکور فرمائین ؎

غرض نقشیست کز ما یادماند	کہ ہستی را نمی بینم بقائے

ردیف الف

لفظ	مذکر	مؤنث	مثال		
آسرا	مذکر	•	آسرا زیرزمین ای تن بیجان کسکا	شہر بیگانہ ہی یان کون ہی پرسان کسکا	امیر لکھنوی
آسیا	•	مؤنث	آسیا کہتی ہی ہر صبح بآواز بلند	رزق سے بھرتا ہی رزاق دہن ہر کا	عرش لکھنوی
ابتدا	•	″	آدم سے باغ خلد چھٹا مجھسے کوے یار	وہ ابتداے عشق تھی یہ انتہاے عشق	صبا لکھنوی
اجارا	مذکر	•	محبت کے دعوی ملی خاک مین سب	وہ کہتے ہین کیا ہے اجارا تمہارا	داغ دہلوی
ادا	•	مؤنث	ادا بیساختہ اون گیسوون کی کچھ نرالی ہی	بنائی سی بگڑتے ہین سنواریسی بکھرتی ہین	داغ دہلوی
			نگہ نازسی بھی دیکھ جو کرتا ہی حلال	یہ ادا کسکی لئی تونے اوٹھا رکھی ہی	امیر لکھنوی
استغنا	•	″	شکل اونکی دیکھکر ہوتی ہی استغنا مجھے	یہ بخیل اس عہد کے ناسخ کم از حاتم نہین	ناسخ لکھنوی
اعتنا	•	″	نہ اوٹھا نہ حضرت کی تعظیم کی	نہ کچھ اعتنا کی نہ تسلیم کی	امیر لکھنوی
افترا	″	″	کلاہ پارہ پارہ سے جو موی سر نکل آئی	تو اسیر حاسدون نے افترا سنجاب کا جوڑا	رشک لکھنوی
اکا	مذکر	•	کس تزک سی وہیان آیا اوس رخ پرنور کا	آگے آگے سیکڑون اکا تھا شمع طور کا	امیر لکھنوی
املا وانشا	•	مؤنث	نامہ جانان ہی کیا لکھا مری تقدیر کا	خط کی انشا اور ہی لکھنے کی املا اور ہی	رشک لکھنوی
انگرکھا	مذکر	•	بالیدہ ہوگیا یہ تن زار وصل مین	مانند گل تمام انگرکھا نکل گیا	رشک لکھنوی
انگیا	•	″	نہ انگیا نہ کرتی ہے جانی تمہاری	نہین پاس کوئی نشانی تمہاری	رند لکھنوی
ایذا	•	″	دکھایا گرم سرد دہر باغ رشک نی مجکو	کہ دنکو دھوپ کی رہتی ہی ایذا شبکو شبنم کی	امیر لکھنوی
ایما	مذکر	•	موجۂ حلم کا ایما تری پائی گر سیل	اولٹے پاون سوے کہسار پھرے سر کی بل	امیر لکھنوی
باجا	″	•	آواز صور سنکی کہا دل سے نے قبر مین	کسکی برات آئی یہ باجا کدھر بجا	امیر لکھنوی
بالا	″	•	بندہ مین ٹوٹے بال ہین بکھری کا نین ٹیڑھا بالا ہی	جرات ہم پہچانگئے کچھ دال مین کالا کالا ہی	جرات دہلوی
بجرا	مذکر	•	ہر گھاٹ کے پتھر ہوسے پارس کے برابر	بجرا ترا پونہچا جو بنارس کے برابر	رشک لکھنوی

لفظ	تذکیر	تانیث	مثال		
بچھونا	مذکر	۰	پائنتی رات کو انکا سونا بھی تمھین بھول گیا	وہ دوپٹہ کا بچھونا بھی تمھین بھول گیا	بحر لکھنوی
بدلا	”	۰	بدلا کوئی ستم کا ترے تجھسے کیا کرے	اپنا ہی تو فریفتہ ہووے خدا کرے	سودا دہلوی
بقا	۰	مؤنث	موسم عیش کو دنیا مین نہین کچھ وقفہ	کم ہی یان برق کی چشمک سے بقا ساونکی	صبا لکھنوی
بگولا	مذکر	۰	مے مرتے ہی ملا خاک مین جو اوج جنون	دشت مین کوئی بگولا نہ اوٹھا میرے بعد	امیر لکھنوی
بلا	۰	مؤنث	اک بلا سر سے ٹلی دوسری آفت آئی	شبِ فرقت جو گئی صبحِ قیامت آئی	امیر لکھنوی
			کسکی زلفین مجھے یاد آئین شبِ ہجران مین	کہ بلائین مری لینے کو بلائین آئین	داغ دہلوی
بنا	۰	”	اوس بت کی نظارے کو لیے جاتے ہین قاضی	مسجد کی بنا پاس شوالے کی پڑی ہی	امیر لکھنوی
بوریا	مذکر	۰	دیکھکر موجِ ہوا کو کہتے ہین غربت مین ہم	بوریا اوڑتا ہی اپنے خانۂ برباد کا	ناسخ لکھنوی
بہا	مختلف فیہ		قلبِ ماہیت ارباب صفا کھوتی ہی قدر	عدم آب سے ارزان ہو بہا گوہر کا	آتش لکھنوی
			روز ای چشم یہ اشکونکی بہا دینی تہی	دیکی یہ گوہر شہوار بہا لینے تہی	امیر لکھنوی
بہلاوا	”	۰	بہلاوا تجھے دیدیا اے اجل	بلا لینگے ہم تجکو فرقت کے دن	داغ دہلوی
بھروسا	”	۰	آپکی لطف وعنایت کا بھروسا کیا ہو	کہ گھڑی بھر مین اگر ہی تو گھڑی بھر مین نہین	داغ دہلوی
بیڑا	”	۰	روان ہی تیغ لگا دی مرا بھی بیڑا پار	پھر اسطرح سے یہ کشتی روان ہی نہ ہی	امیر لکھنوی
پاپا	”	۰	لڑکہڑاتا تہا جو مستی مین کہین پای نسیم	غنچہ کہتا تہا چٹککر کہ خبردار سنبھل	امیر لکھنوی
پپیہا	”	۰	پلس مرن بھی ہین ہتا ہون نالان انکی ہاتھون سی	بجاتی ہین پپیہا ای جنون لڑکے مرے گل کا	وزیر لکھنوی
پتا	”	۰	نامہ بر کوچۂ قاتل کا یہ کافی ہی پتا	مینہ وان تیر دنکا جو چھار ہی تلوارون کی	امیر لکھنوی
پتّا	”	۰	اللہ ری وحشتین مرے آہو خصال کی	کو سونسے رم کیا ہی جو پتا کھڑک گیا	رند لکھنوی
پتلا	”	۰	تو وہ تیر حوادث نکرین کیون افلاک	کہ اسی واسطے سے خاک کا پتلا ہون مین	داغ دہلوی
پتنگا	”	۰	یارب کوئی آفت تہا محبت کا پتنگا	وہ آگ لگی ہی کہ بجھائی نہین جاتی	داغ دہلوی
پروا	۰	مؤنث	غلمان حور ہین مری خدمت کو خلد مین	پروا نہین جہانمین کنیز و غلام کی	آتش لکھنوی

لفظ	تذکیر	تانیث	مثال		
پسینا	مذکر	۔	خونِ دل ارگ رگ سے پانی کی طرح بہنے لگا	سرخ آنسو کیا پسینا تک ہمارا لال ہی	داغ دہلوی
			ہوگی کس کس کو خجالت ایک سرِ قتل آتی ہی	پسینا آگیا قاتل کو گردن تیغ نے خم کی	امیر لکھنوی
پنکھا	مذکر	۔	ای ہوا و ہوسِ عشق خدا آنکھو اوڑا ای	ہم پسینی مین رہی یار کا پنکھا کھینچا	رشک لکھنوی
پہاہا	〃	۔	سورج مکھی کو سحر چکا چوندھ ہوگئی	تمنی ذرا جو داغ سے پہاہا اوٹھا لیا	امیر لکھنوی
پھپھولا	〃	۔	جل گیا گل کا جگر اس رُوے آتشناک مین	قطرۂ شبنم نہین ہے یہ پھپھولا ہوگیا	نسیم دہلوی
پہندا	مذکر	۔	بیڑیان دیوانہ گیسو کو پہناتے ہو کیون	رشتۂ الفت کا پہندا سخت ہی زنجیر سے	امیر لکھنوی
تارا	〃	۔	صبح فرقت نے دکہایا روپ سارا شام کا	آفتاب صبح کو سمجھا مین تارا شام کا	ناسخ لکھنوی
تجلا	مذکر	۔	گزری شبِ سیاہ تجلا ہی نور کا	پڑہیے نماز صبح کہ تڑکا ہی نور کا	منیر لکھنوی
تلوا	〃	۔	کدہر لیجائیگا کس دشت کی کانٹو نکو روندیگا	الٰہی خیر کرنا پہر مرا تلوا کھجاتا ہی	رند لکھنوی
تماشا	〃	۔	نظارا دو جہانکا چہوڑ جا دل کا تماشا کر	شبیہ مین اس ورق پر کھینچدی ہین دو نو عالم کی	امیر لکھنوی
			تماشا جیسے دیکھا ہی قیامت کو چلی آئین	اجل کہتی ہی بسم اللہ جہان ہم پانو دہرتی ہین	داغ دہلوی
تنکا	مذکر	۔	جل گیا کیا مری آتش قدمی سی جنگل	چار تنکی نہ کہین بادِ صبا نے پائی	داغ دہلوی
توا	〃	۔	داغِ عشق اور کو دیتا ہی فلک بہی ظالم	مجھے گل کہا نیکو لوہی کا توا دیتا ہی	رند لکھنوی
ٹکڑا	〃	۔	بنا دے بخیہ گر پردہ قبای جسمِ جانانکا	ٹہکانے سے لگا دے کوئی ٹکڑا اس گریبانکا	داغ دہلوی
ٹہکانا	〃	۔	کیا پوچھتے ہو داغ کا تم ہمسے ٹہکانا	آوارہ و سرگشتہ ہی کیا جانی کہان ہی	داغ دہلوی
ثنا	۔	مؤنث	منہ کیا مرا ظفر جو کرون نعتِ مصطفےٰ	اوسکی ثنا خدا نے ہی قرآن مین کہی	نسیم دہلوی
جاڑا	مذکر	۔	ہو چکی گرمی گلابی بادۂ گلگون سے بہر	اب تو جاڑا آئے پہر سیکر گلابی ہوگیا	نسیم دہلوی
جالا	〃	۔	پوچہا جو حال مجنون ہجرانمین مکڑیون سے	جالا دہین بنایا تارِ رگِ بدن کا	شاد لکھنوی
جزا	۔	مؤنث	بارگاہِ حق سے ہر طاعت کی ملتی ہی جزا	ہی بڑی سرکار حق رہتا نہین مزدور کا	امیر لکھنوی
جفا	۔	〃	داورِ حشر سے ابتک ہی امیدِ انصاف	کیا کرینگے جو پہ بیداد اوسکی جفائین آئین	داغ دہلوی

لفظ	مذکر	مؤنث	مثال	
جلا	•	مؤنث	اسقدر رنگ طلائی کو جلا دی اپنی	آبرو خاک مین سونے کی ملا دی وستی
جوڑا	مذکر	•	اے جنون کہتی ہین اسکو اتحاد حسن و عشق جوڑا جو کھلا تو کھل پڑا دل	جب کھلا جوڑا دہان بال دل پریشان ہوگیا ہم سمجھے تھے اسے نگار تعویذ
جہالا	مذکر	•	دریا بھری ہین دیدۂ گریان مین اے سحاب	یہ وہ نہین برس کی جو جہالا نکل گیا
جھٹکا	″	•	زلف آہستہ جھٹکیے مرا جی ڈرتا ہے	دیکھیے ہاتھ کا جھٹکا نہ کمر تک پہونچے
جھگڑا	″	•	واعظو حشر کا ہر مرتبہ چرچا کیسا	روز کا تمنے نکالا ہے یہ جھگڑا کیسا
جھوکا	″	•	اے خاک مین ملا کر آتا ہے کون ہم تک غبار اوسکی لب بام تک بلند ہوا	آئے نہ آئے کوئی جھوکا کبھی صبا کا ہوای تند کا جھوکا مجھے کمند ہوا
چرچا	″	•	مرا چرچا ہوا نہ کس کس مین	مین بنا چور اون کی مجلس مین
چرسا	″	•	ناتوانی مری ایسی چڑھی ہے زوروں پر	تنکا اس زور سے اوٹھتا ہے کہ چرسا کھینچا
چرکا	مذکر	•	تڑپنے مین دکھا جاتی ہے چہ انداز بسمل کا	مگر کھایا ہے چرکا برق ذبح تیغ قاتل کا
چونچلا	″	•	بوی گل سے مجھے دہوکا نہین بو سی اسکی	چونچلا رہنے دے باد سحری تو اپنا
چھتا	″	•	عاشق مژگان ہون مجکو نوش سے بڑھکر ہے نیش	لطف اوٹھاتا ہون نہین چھتا چھیڑ کر زنبور کا
چھینٹا	″	•	سنا کلام جو رندون کا شیخ چکرایا	وہان تو بات کا چھینٹا ہی بی شراب تھا
حنا	•	مؤنث	پس گیا چشم سیہ پر سرمہ	پای رنگین پہ حنا لوٹ گئی
حیا	•	″	اونچی چوٹی کی ادا گرد پھری	نیچی نظرون پہ حیا لوٹ گئی
خارا	مذکر	•	ہوگیا یار مرے دل سے شکستہ خاطر	آبگینے سے تعجب ہے کہ خارا ٹوٹا
خاکا	مذکر	•	امیر اہل حرم سمجھے حرم تصویر ابرو کو	کھچا خاکا جو اوس گیسو کا ہندو کا لکھا سمجھی
خطا	•	مؤنث	نانے ہیں اونکو کرم پر کہ نہین جسکا حساب	کس خطا وار کی گنتی مین خطائین آئین
خلا	مذکر	•	سمائی دل تنگ کی دیکھیے	کہ عالم مین ثابت خلا ہوگیا

امیر لکھنوی
داغ دہلوی
رشک لکھنوی
داغ دہلوی
امیر لکھنوی
داغ دہلوی
امیر لکھنوی
داغ دہلوی
امیر لکھنوی
رشک لکھنوی
امیر لکھنوی
رند لکھنوی
امیر لکھنوی
داغ دہلوی
امیر لکھنوی
امیر لکھنوی
رشک لکھنوی
امیر لکھنوی
داغ دہلوی
بحر لکھنوی

لفظ	مذکر	مؤنث	مثال		
دریا	مذکر	٠	سارے جہانکا رنج مری دلمین آگیا	کیا کوزہ تہا کہ جسمین یہ دریا سما گیا	امیر لکھنوی
دعا	٠	مؤنث	اوس بت پہ عاقبت دل ناصح بہی آگیا	اللہ نے ہماری دعا مستجاب کی	امیر لکھنوی
دغا	٠	〃	دل مرا لیکے مری جان دغا تمنے تو کی	تہی مجہی چشم وفا تمسے جفا تمنے تو کی	داغ دہلوی
دلاسا	مذکر	٠	جب دیا اوس نے دلاسا شب کو وقت اضطراب	دلکی وہ بیتابیان سب راحت جان ہوگئین	داغ دہلوی
دنیا	٠	مؤنث	ہے بہت طول مدعا افسوس	ساری دنیا پیامبر نہوئی	داغ دہلوی
			ہوا مین طالب دنیا تو دنیا رنگ پر آئی	کبھی ہین اس دلہن نے لال کپڑے خون شوہر سے	امیر لکھنوی
دوا	٠	〃	نمک افشان جو ہوا زخم پہ وہ ہنس ہنس کر	مین یہ سمجہا مری قاتل نے دوا رکھی ہے	امیر لکھنوی
			مریض محبت کی اچھی دوا کی	اوسی کل سے ہے آج غفلت زیادہ	داغ دہلوی
دہوکا	مذکر	٠	اب کسے اس چشم نظر باز نے دہوکا کہایا	جوڑ کیا آپ کی ٹوٹے ہوے پیمان نہین	داغ دہلوی
دہڑکا	〃	٠	زبردستی کا دہڑکا وصل مین تمکو سمایا ہے	کدہر ہو ہوش مین آؤ کوئی آیا نہ آتا ہے	امیر لکھنوی
ڈاکا	〃	٠	دل لوٹ لیا یار نے زلفون کو دکہا کر	ڈاکا مرے پہلو مین سر شام پڑا ہے	محسن لکھنوی
ڈورا	〃	٠	نامی تو نارسائی طالع سے گر گئی	ڈورے ہی ڈورے بال کبوتر مین رہ گئی	امیر لکھنوی
روا	٠	مؤنث	شب فراق مین ہین جو منہ لپیٹا ہے	خیال وصل مین پہرون نہین ردا الٹی	آتش لکھنوی
رضا	٠	مؤنث	جنان مین تو ہمین لیجائے یا جہنم مین	وہی رضا ہے ہماری جو ہے رضا تیری	امیر لکھنوی
ریا	٠	〃	طاعت مین ریا جو تجہسے ناشی ہوگی	پرسش مین غضب کی جانخراشی ہوگی	رشک لکھنوی
سرا	٠	〃	دل سوزان نہین ہمارے نہ تو ہم کہاے غم	کوچ کر جلد مسافر یہ سرا جلتی ہے	امیر لکھنوی
سزا	٠	〃	مین جو روتا ہون تو کہتی ہین مجہے ہنس ہنس کر	جو کرے عشق بہی اوسکی سزا ہوتی ہے	برق لکھنوی
سناٹا	مذکر	٠	خوگر رنج و بلا ہون مجکو کچہ پروا نہین	تمکو سناٹا گذر جائیگا محشر دیکہکر	داغ دہلوی
سودا	〃	٠	متاع عشق بہی ہے مایہ الفت بہی کہتے ہین	اگر لیجے تو کچہ سودا ہمارا آپکا ٹھہرے	داغ دہلوی
			دل ملگئی وصال کا سودا ٹہہر گیا	الفت کی آنکھ بیچ مین دلال ہوگئی	امیر لکھنوی

لفظ	مذکر	مؤنث	مثال		
سودا	مذکر	•	نظر مین تیری آنکھین سر مین سودا تیری زلفونکا	کئی پریون کی سایہ مین ترا دیوانہ آتا ہی	اسیر لکھنوی
سہارا	〃	•	ریا کو کور باطن طاعتِ خاص خدا سمجھی	سہارا ملگیا دیوار کا اندہی عصا سمجھی	اسیر لکھنوی
شفا	•	مؤنث	اثرِ آتشِ سودا سے دوا جلتی ہی	تری بیمار کی صورت سے شفا جلتی ہی	اسیر لکھنوی
صبا	•	〃	کیون آئے صبا تری گلی مین اس روش سے وہ چلی گلشن مین	پہرنے والی ہزار گہر کی بچھگئی پہول صبا لوٹ گئی	صبا لکھنوی داغ دہلوی
صحرا	مذکر	•	صحرای عشق میری طرح طے ہنوسکا	نو آسمان ایک ہی چکر مین رہگئی	اسیر لکھنوی
صدا	•	مؤنث	دکہی کیونکر نہ دل آوازنے سی درد دل کچہ نہ کہلا داغ مگر وقت اخیر	صدا ہی یہ کسی درد آشنا کی واد بیداد کی دو چار صدائین آئین	اسیر لکھنوی داغ دہلوی
صفا	•	〃	دیدۂ دل سے نظر کی رخ جانان پہ اسیر	چشم موسیٰ سے صفای یدِ بیضا دیکھی	اسیر لکھنوی
صہبا	•	〃	خون دل آنکھونمین اسطرح سی بہر جاتا ہی	جام مین جیسے کہ صہبای سبو آتی ہی	آتش لکھنوی
طلایا	مذکر	•	بند کر راہ قضا غافل یہ کیا کرتا ہی حکم	گرد خیمہ ہو طلایا رات دن افواج کا	ناسخ لکھنوی
عصا	مذکر	•	اسطرح ساتہ ہی گردونکی مرا نالۂ دل	جسطرح راہ مین رہتا ہی عصا پیر کی ساتہ	اسیر لکھنوی
عطا	•	مؤنث	عفو ہوجائینگی ہر چند کہ لاکھون ہی گناہ	یہ عطا ہی تری رحمت کی قرین تہوڑی سی	آتش لکھنوی
عنقا	مذکر	•	عنقای عقل تہا نہ ابہی دام مین پہنسا	مرغِ سحر کی آنے لگی دور سے صدا	امانت لکھنوی
غذا	•	مؤنث	غم بہت کہلوا نہ مجہہ گریانکو توای ہجر یار	خون بدہضمی کا رکہتی ہی غذا برسات کی	آتش لکھنوی
فضا	•	〃	زاہد وہ فضا کیا ہی زمانہ سے نرالی	فردوس بہی اک باغ ہی جنت بہی مکان ہی	داغ دہلوی
قبا	•	〃	یہ جوشِ حسن سے تنگ آئی ہے قبا اونکی	کہ بند بند ہی خواہان گرہ کشائی کا	اسیر لکھنوی
قضا	•	〃	حضرتِ دلکی قضا آئی ہی اوس کوچہ مین	کہ یہ دوڑے ہوے ہر بار چلے جاتے ہین	اسیر لکھنوی
قلیا	•	〃	کہکی بسم اللہ جب اوس طفلِ مصحف نے پڑہا	ہوگیا بسمل معلم ختم قلیا ہوگئی	داغ دہلوی
کانٹا	مذکر	•	وہم اولجہتا ہی جو سینے مین تو دلمین شاید	رہگیا اوسکی مژہ کا کوئی کانٹا باقی	اسیر لکھنوی

لفظ	مذکر	مؤنث	مثال		
کانٹا	مذکر	•	کانٹی کہین پڑے ہین کہین گردباد ہین	یہ یادگارِ قیس بیابان مین رہگئی	امیر لکھنوی
کربلا	•	مؤنث	مرتے تھے یون نہ تشنۂ دیدار آنکر	قاتل گلی تھی آگے تری کربلا نہ تھی	امیر لکھنوی
کلایا	مذکر	•	چھوگیا گردن سی جب ڈورا تری تلوار کا	مجکو اے سفاک منت کا کلایا ہوگیا	رشک لکھنوی
کلیجا	″	•	کلیجا منہ کو آجاتا ہی دل پہرون تڑپتا ہی	میرے درد جگر مین بہی چمک ہی تیغ قاتل کی	امیر لکھنوی
			آسمان ٹوٹ پڑا ہی ستم ایجاد کا	یہ ہی میرا ہی کلیجا کہ اوٹھاتا ہو نہین	داغ دہلوی
کھٹکا	″	•	سب حسرت و نکالا اس نے کھٹکا مٹا دیا	جنسی خلش تھی دلمین وہ کانٹا نکلگیا	داغ دہلوی
			بیغم ہین عیش کب چمن روزگار کی	کھٹکی ہین کو جو رگِ گلمین بہی خار کی	امیر لکھنوی
کیوڑا	″	•	عطر عنبر کا نکالا جو کبھی کنگھی کی	کپڑے بدلے جو کسی روز تو کیوڑا کھینچا	رشک لکھنوی
گذارا	″	•	نکلکر مرے گھر سے یہ جان لو تم	نہوگا کسی گھر گذارا تمہارا	داغ دہلوی
گرجا	مذکر	•	ایک دل بنکی حریم بت ترسا نرہا	کہین گرجا نہ سے باقی کوئی گرجا نرہا	رشک لکھنوی
گلا	″	•	سخت جانو نکا تو مشکل سی گلا کٹتا ہی	پہلی پتہر پہ لگا لیجیی خنجر لینا	داغ دہلوی
گنڈا	″	•	گنڈا انظر گذر کا پہنائیگے آپ کو	قدنا پتی ہی زلف رسا سر سے پانو تک	امیر لکھنوی
گنگا	•	مؤنث	ہمتو پیاسی رہی می غیر تو دی پیر مغان	اولٹی اس شہر مین بہتی ہوئی گنگا دیکھی	امیر لکھنوی
گھٹا	•	″	ہنس پڑے آپ تو بجلی تڑپی	بال کہولے تو گھٹا لوٹ گئی	امیر لکھنوی
			میکشو مژدہ کہ گھنگھور گھٹائین آئین	تمپہ رحمت ہوئی توبہ پہ بلائین آئین	داغ دہلوی
گھٹّا	مذکر	•	زاہدو اس سے سوا تپہر عبادت کیجیی	سنگ اسود سے کہین ماتھے کا گھٹا پڑگیا	رشک لکھنوی
لاکھا	″	•	خون ناحق سی جما یا تہا غضب کا لاکھا	لبِ معشوق سی کچہ کم لبِ سوفار نہ تھا	امیر لکھنوی
لپکا	″	•	ہم ایک کہ کی سنتی ہین منہ سی تری ہزار	لپکا پڑا ہوا ہی یہ گفت و شنید کا	داغ دہلوی
لٹکا	″	•	دیکھتی رہجاوگی گر کوئی لٹکا چلگیا	جو تمہاری آنکھ مین ہی یاں وہ افسون لٹکن ہے	داغ دہلوی
ماجرا	″	•	وہ چشم زار کا سنتی ہی ماجرا گھبرا ای	ابھی تو شرحِ دلِ بیقرار باقی ہی	داغ دہلوی

لفظ	مذکر	مؤنث	مثال		
ماجرا	مذکر	•	اوسنی کہینچی تیغ یان سر جہکگیا قصہ مٹا	خلق یہ کیون پوچہتی ہی ماجرا کیونکر ہوا	امیر لکھنوی
مالا	مذکر	•	آبرو یہ الفتِ وندان قاتل مین ملی	اپنا مالا اب گلیمین میری پنہاتی ہی تیغ	امیر لکھنوی
مُدعا	〃	•	آفرینش سے مری کچہ اور تو مطلب نہ تہا	مدعا یہ تہا کہ پیدا کرکے ناپیدا کرون	داغ دہلوی
مصلاَّ	〃	•	زہد و تقوی سی پہر آزند مین گہبرا اوٹہا	پہر چلا دیر کو مسجد سے مصلا اوٹہا	رند لکھنوی
معمَّا	〃	•	ہی معما دہن تنگ کا دشوار بہت	حل مطلب ہو تو شاید شعرا سی کچہ ہو	امیر لکھنوی
منکا	〃	•	ناتوان ہون نہ گلیمین مری باندہو تعویذ	توڑ ڈالی مری گردن کا نہ منکا کاغذ	داغ دہلوی
من و سلوا	مذکر	•	سیر رکہتا ہی طبیعت کو کلام شیرین	من و سلوا ہی یہ اپنے لیے گویا اترا	آتش لکھنوی
مونڈھا	مذکر	•	مین جو دریا پہ گیا گہبرا کے عشقِ ناں مین	بیٹھنے کے واسطے مونڈہا ملا گرداب کا	رشک لکھنوی
مُہاسا	〃	•	سبز خط مین کیا مہاسا گال پر پیدا ہوا	بچۂ طاؤس ہی لی بال و پر پیدا ہوا	ظفر دہلوی
میلا	〃	•	غمزہ و انداز و ناز و کبر و مہر لطف و حُسن	سات یہ اور ایک تو آٹہو نکا میلا ہو گیا	وزیر لکھنوی
مینا	〃	•	پرتو پڑا ہی جیسے اوس چشم نرگسی کا	لبریزمی ہی مینا سونی کی آرسی کا	اسیر لکھنوی
مینڈھا	〃	•	جوش وحشت مین جو دریا کیطرف جا نکلا	قد آدم مری تعظیم کو مینڈہا اوٹہا	رند لکھنوی
ندا	•	مؤنث	موت نے مجکو پکارا کہ مری قاتل نے	آئیے آئیے مقتل سے ندائین آئین	داغ دہلوی
نشو و نما	مختلف فیہ		خط کو روی یار پر نشو و نما ہوتا نہین	سبزۂ بیگانہ گل سی آشنا ہوتا نہین	ناسخ لکھنوی
			چشم پر آب سے ہی نشو و نما ساونکی	نفس سرد لی باندہی ہی ہوا ساونکی	صبا لکھنوی
نصیبا	مذکر	•	مکین سے ہر مکان کی زیب ہی گو قید خانہ ہو	نصیبا کہلگیا تہا حضرت یوسف کی زندان کا	داغ دہلوی
نوالا	〃	•	شمع سان گہلتی ہی گہلتی سحر آجائیگی	اے شب ہجر کوئی منہ کا نوالا ہو نہین	داغ دہلوی
وبا	•	مؤنث	ہزارون مرگئے اسپر سسکتے ہین لاکہون	عجیب روگ ہی یارب یہ کیا وبا آئی	رند لکھنوی
وفا	•	〃	وفا کی ان بتون سے یا جفا کی	دیا دل اسکو جو مرضی خدا کی	داغ دہلوی
ہتکنڈا	مذکر	•	دل مرا چہین کر عدو کو دیا	ہتکنڈے ہین یہ دست قدرت کی	داغ دہلوی

لفظ	مذکر	مؤنث	مثال		
هما	مذکر	۰	ہمایوں استخوانِ سوختہ پر میری گرتا ہے	تڑپ کر شمع پر جیسے کوئی پروانہ آتا ہے	امیر لکھنوی
ہوا	۰	مؤنث	باندھی ہی سرد مہری گردون نے یہ ہوا	نکلی ہی برق اڑ کے کملی سحاب کی	امیر لکھنوی
ہوا	۰	″	عاشق کی سر کی ساتھ ہی سودای کوی یار	مومن نہ تہا وہ جسکو ہوای جنان نہ تہی	آتش لکھنوی
			ردیف بای موحدہ		
آب	مذکر	۰	ثبات بحر جہان مین اپنا فقط مثالِ حباب دیکھا	نہ جوش دیکھا نہ شور دیکھا نہ موج دیکھی نہ آب دیکھا	داغ دہلوی
آب	مختلف فیہ		مری شکوہ نہین ہی یا تیری مذاقِ صفا مین	گہر کی آب سے ہیرے کی تجلی نور تارے کا	داغ دہلوی
			نشہ ہی مین یا الٰہی میکشونکو موت دی	کیا گہر کی قدر جب آب گہر جاتا رہا	آتش لکھنوی
آفتاب	مذکر	۰	رات اور رات بہی جدائی کی	اب نکلتا ہی آفتاب کہان	داغ دہلوی
اجتناب	″	۰	کیا جی لگا ہے تذکرہ یار مین عبث	ناصح سے مجکو آج تلک اجتناب تہا	داغ دہلوی
ارباب	″	۰	زمانہ ہمسکون سہی ای نسیم آباد ہی اب تجے	بہت ڈہونڈہا مگر کوئی نہ ارباب کرم نکلا	مومن دہلوی
اضطراب	″	۰	ہمنی بہی صبر دلکو دی ہی لیا	اب وہ اگلا سا اضطراب کہان	نسیم دہلوی
			آنسو دنسی بیقراری مین ذرا تسکین تھی	بڑہ گیا اور اضطراب دل جو رونا کم ہوا	داغ دہلوی
القاب	″	۰	لکہا خط مین جب اونکا القاب مین نے	قلم حرفِ مطلب پہ آیا پہسلکر	امیر لکھنوی
انتخاب	″	۰	نکیون ہو ناز مجہے اپنی دلبر ای ظالم	کیا ہی تو نے جسے انتخاب برسون مین	داغ دہلوی
انقلاب	″	۰	وہ جب ملی تو قیامت بپا تھی چار طرف	ٹھہر گئی تو زمانے کو انقلاب نہ تھا	داغ دہلوی
باب	″	۰	مایوس ہوئی ہم تو ہوئی غیر بہی ناکام	معمور کیا باب قبول اپنی دعانی	داغ دہلوی
باتراب	″	۰	جبکہ مین نے وطن سے کوچ کیا	گور مین میرا باتراب ہوا	داغ دہلوی
پازیب	۰	مؤنث	عاشقونکی دلکو پیسا کرتی ہی ہر وقتِ خرام	رہتی ہی پازیب نالان یار کی رفتار سے	ناسخ لکھنوی
تاب	۰	″	ذرا سی صدمی کی تاب نہین وہی ہم تھے	کہ ٹکڑے ٹکڑے تہا دل اور اضطراب تہا	آتش لکھنوی
تاب	۰	″	خط جو اس محبوب کا نبتا نہین ہی سبب	ہاتھ گالونکو لگائی تاب کیا حجام کی	امیر لکھنوی

لفظ	مذکر	مؤنث	مثال	
ترغیب	۰	مؤنث	مین نہ مانونگا کہ دی اغیار نی ترغیب قتل	دشمنون سی دوستی کا حق ادا کیونکر ہوا
تناسب	مذکر	۰	تناسب عشق مین جو رشک کو ہے کسکو ہوتا ہی	یہان ہی بیکلی وہی وہان بالکل کرتی ہی
ثواب	مذکر	۰	ہزار بار گلا رکہدیا تہ شمشیر	مین کیا کرون تری قسمت ہی ہین ثواب نہ تہا
			نو میدکرم ہو کر ہم توبہ کرین می سی	دوزخ مین پڑی زاہد بی لطف ثواب ایسا
جذب	"	۰	راتدن پہلو مین ہی کوئی نکوئی سیتن	جذب دل اپنا بہی نسخہ ہی کوئی اکسیر کا
جریب	۰	مؤنث	جریب کاہکشان تونی ضعف پیری مین	کبہی نہ اہی فلک پیر ہاتھ سی پہینکی
جواب	مذکر	۰	کیا جو خالق عالم نے خلق دل میرا	خلیل نی یہ کہا کعبہ کا جواب بنا
			کیسا جواب حضرت دل دیکہیے ذرا	پیغامبر کی ہاتہ مین ٹکڑی زبان کی ہین
جیب	مختلف فیہ		ترا غمزہ ہی وہ طرار جب گلشن مین آیا ہی	گلونکی جیب کترتی ہی گرہ کاٹی ہی شبنم کی
			نہ جنون مین بہی رکہا بخت نے عریان مجکو	طوق نے جیب دیا دشت نی دامان مجکو
حب	۰	مؤنث	چہوٹتی ہی آدمی سی داغ کب حب وطن	گو نہین ہون نہین مگر ہردم مرا دل گہر مین ہی
حباب	مذکر	۰	لب جو سیر کو آیا ہی جو وہ بحر جمال	ٹوٹا پڑتا ہی تماشے کو حباب ایک ایک
			ثبات بحر جہان مین نہین کسیکو امیر	ادہر نمود ہوا اور اُدہر حباب نہ تہا
حجاب	"	۰	ہزار پردو مین مشتاق دیکہ لیتے ہین	اُسسے حجاب تہا موسیٰ کو لو حجاب نہ تہا
			مرے جنازے پہ اب آتی شرم آتی ہی	حلال کرنیکو بیٹھے تھے جب حجاب نہ تہا
حساب	"	۰	سیاہ کار وہ ہون حشر مین حساب مرا	جو وقت صبح سی ہوتا چراغ جل جاتی
			حساب صلا نہ مجہسے پوچہی میر دلکی زخمونکا	حساب دوستان در دل اگر وہ دلربا سمجھے
خطاب	"	۰	شکایت اونسی کوئی گالیونکی کیا کرتا	کسیکا نام کسیکی طرف خطاب نہ تہا
			زاہد کمال پیر مغان تجہسی کیا کہون	مرشد وہان خطاب ہی ادنی مرید کا
خواب	"	۰	لگی نہ آنکھ ہری چشم پاسبان کی قسم	شب فراق کہین دیکہنے کو خواب نہ تہا

امیر لکھنوی
رشک لکھنوی
امیر لکھنوی
[illegible]
داغ دہلوی
امیر لکھنوی
مصحفی دہلوی
امیر لکھنوی
امیر لکھنوی
داغ دہلوی
امیر لکھنوی
داغ لکھنوی
داغ دہلوی
داغ دہلوی
داغ دہلوی
امیر لکھنوی
داغ دہلوی
امیر لکھنوی
امیر لکھنوی
ذوق دہلوی
امیر لکھنوی
داغ دہلوی
داغ دہلوی

لفظ	مذکر	مؤنث	مثال		
					امیر لکھنوی
خواب	مذکر	•	وعدہ آنیکا ہی اوسنے خواب مین	خواب کب آتا ہی دیکھا چاہیے	مومن دہلوی
خوناب	مذکر	•	یہ رنگ آمیزیان کیسی ہین کسکا ڈر ہی دیکھو تو	مجھے تو کچھ نظر آتا ہی یہ خوناب بہا اپنا	داغ دہلوی
ڈہب	”	•	بسر کیونکر کرینگے خلد مین ہم واعظ نادان	ہماری جد امجد کو نہ وان رہنیکا ڈہب آیا	امیر لکھنوی
رعب	”	•	کہان نہین ہی تماشا تری خدائی کا	مگر جو دیکھنے دے رعب کبریائی کا	داغ دہلوی
زیب	•	مؤنث	مکین سے ہر مکانکی زیب ہی گو قید خانہ ہو	نصیبا کہلگیا تہا حضرتِ یوسف سے زندانکا	امیر لکھنوی
			کہون کیا جو زیبِ مکان ہوگئی	قدم سے زمین آسمان ہوگئی	مومن دہلوی
سبب	مذکر	•	محمد کی سایہ نہین کیا سبب	کہا اوسنے مت پوچھ اوسکا سبب	امیر لکھنوی
سحاب	”	•	طاؤس نے دکہائے جو اپنی بدن کی داغ	روتا ہوا سحاب چمن سے نکل گیا	امیر لکھنوی
سرخاب	”	•	گجر جو سنتی ہین وصلت مین دل دہڑکتا ہی	جب آئی شام کی نوبت وہین اوڑا سرخاب	اختر لکھنوی
سیب	”	•	اب سیر باغ وصل کہان اور یہ ہم کہان	گور کا پہول یار کا سیبِ ذقن ہوا	امیر لکھنوی
سیلاب	مذکر	•	آئی ہی بیکسیِ عشق پہ رونا غالب	کسکی گہر جائیگا سیلاب فنا میری بعد	غالب دہلوی
سیماب	”	•	رات ایسا انتظارِ یار مین بیتاب تہا	بستر گلپر نہ تہا مین آگ پر سیماب تہا	ناسخ لکھنوی
شب	•	مؤنث	ہو تسلی تو گذار دن شبِ ہجران ساری	طور میرے تو سرِ شام سے برے ہوتی ہین	داغ دہلوی
شباب	مذکر	•	نظر آتا نہین اسجوشِ سرشک اپنا شباب	کشتیِ نوح نہین ہون کفِ دریا ہون مین	داغ دہلوی
			کیا کیا نہ آفتون کی رہی ہمکو سامنے	یا رب شباب تہا کہ بلا سے عظیم تہا	امیر لکھنوی
شراب	•	مؤنث	خواہش سجائی نشہ کی سوز دلکی ہی	ساقی شراب دی مجھے اشک کباب کی	امیر لکھنوی
			بغل مین وا بکی پیچل عدم کو شیشہ کی	ملیگی داغ نہ تجکو شراب رستی مین	داغ دہلوی
شرب	مذکر	•	سرخ رنگت ہوگئی آیا جو نشہ آنکھ مین	شرب کی ساقی علاج نرگسِ بیمار تہا	برق لکھنوی
شہاب	”	•	چمن مین زیج کیا بلبلونکو بیتقصیر	قبائے گل مین مری شوخ نی شہاب دیا	امانت لکھنوی
ضرب	•	مؤنث	اوٹہتی نہین ہی ضرب محبت پہاڑ کی	رستم وہی ہی مرد جو یہ درد سہہ گیا	داغ دہلوی

لفظ	مذکر	مؤنث	مثال		شاعر
طرب	۰	مؤنث	طالع میں نہیں طرب ذری بھی	منحوس ہی زہرہ مشتری بھی	مومن دہلوی
طلب	۰	"	آرزو دی ساغرمی ہی بس اے ساقی مجھی	کب طلب ہی جام جم کی کاسۂ فغفور کی	ناسخ لکھنوی
طَناب	۰	"	کون کہتا ہی کہ یہ نکلی ہی شبکو کہکشان	ہی مگر کوئی طناب اس خیمۂ افلاک کی	بیخود دہلوی
عتاب	مذکر	۰	کیا حالِ دل کہین کہ دم عرض مدعا	تیرا عتاب حلق کا دربان ہوگیا	داغ دہلوی
عذاب	"	۰	فرض ہی کیا یہ کہ ہر مرد پہ ہوتا ہو عذاب	بلکہ ہستی سی عدم مین داغ تو خوشحال ہی	داغ دہلوی
عقاب	"	۰	نہ ملیگا کبھی شکار یقین	گو عقاب گمان بلند ہوا	ناسخ لکھنوی
عقرب	"	۰	ایذا نہ ہو اوس خال وگیسو سی تعجب ہے	وہ افعی بی دندان ہی نیش یہ عقرب تھا	آتش لکھنوی
عناب	مذکر	۰	حسن سے دل تو لگا عشق کا بیمار تو ہو	پھر یہ عناب لب وسیب ذقن ہی کسکا	آتش لکھنوی
عندلیب	مختلف فیہ		طبع اپنی بلبل باغ معانی ہی اسیر	ہر چمن مین عندلیب خوش بیان ہوتا نہین	اسیر لکھنوی
			کئی دن سے ہی گہات مین صیاد	عندلیب آج کل مین پہنستی ہی	رند لکھنوی
عیب	مذکر	۰	عیب بے عیب ہے جب جبے سی گذر جاتا ہی	اب بجز بی ہنری مجھ مین ہنر کچھ بھی نہین	داغ دہلوی
			عیب اصلی عارضے زینت سے چھپتا ہی کوئی	غازہ ملنے سے نہ زنگی خو برو ہو جائیگا	داغ دہلوی
غضب	مذکر	۰	ایداغ آہ کی تو غضب کو منسا کیا	ایسی بری لگی دلِ خانہ خراب کی	داغ دہلوی
فریب	"	۰	ملک کی وارث کو دیکھا خلق مین	اب فریبِ طغرل و سنجر کھلا	غالب دہلوی
قطب	"	۰	کب پھرین گوشہ نشین لاکھ زمانہ پھر جاے	قطب گردش نہین کرتا فلک پیر کی ساتھ	اسیر لکھنوی
قلاب	مذکر	۰	یہ اسیر کہین گران خاطر ہو نہین جاتا ہی ٹوٹ	آہنی قلاب بھی سیر قفس کی بوجھ سے	ذوق دہلوی
کباب	"	۰	منظور ہر چرخ ہی کہ اسیر سیاہ مست	دل کا کباب کہائے جگر کا لہو پیے	اسیر لکھنوی
			ملا ہین دل پہ داغ کا پتا اتنا	جلی کباب کی بو تہی مگر کباب نہ تھا	داغ دہلوی
کوکب	"	۰	ہوگا داخل اور تارے نکی خزانہ میں درہم	پست ایسا ہی اگر کوکب مری تقدیر کا	اسیر لکھنوی
گرداب	"	۰	کہینچی گیسو کی تصویر میں جو طوفان پر شکل	حلقۂ زلف ہی گرداب سرے دریا کا	ناسخ لکھنوی

لفظ	مذکر	مؤنث	مثال		
گلاب	مذکر	•	ہر رنگ اصل فرع نہو گی کسی طرح	گل ہو ہزار سرخ نہو گا گلاب سرخ	امیر لکھنوی
لب	〃	•	خون ناحق سے جمایا تھا غضب کا لاکھا	لب معشوق سے کچھ کم لب سوفار نہ تھا	امیر لکھنوی
			کونسا لب ہے کہ جس پر نہین شکوہ تیرا	کونسا دل ہے کہ جسمین نہین حسرت تیری	داغ دہلوی
لعاب	〃	•	مُہر وہ کرتا ہے نامے پہ مجھے آئے ہے رشک	ہای یون چوسے لعاب اوسکی دہن کا کاغذ	ذوق دہلوی
لقب	〃	•	کیا جانتا ہے کوئی فقیری کا مرتبہ	دل نام پیر عرش لقب ہے مرید کا	امیر لکھنوی
ماہتاب	〃	•	یہ وہ فلک ہے کہ جسکی سبب سے عالم مین	نہ ایک حال پہ دو روز ماہتاب رہا	صبا لکھنوی
محراب	•	مؤنث	صحبت سوزش دلکی جو دعا کرتا ہون	آگ لگ اوٹھتی ہے محراب دعا جلتی ہے	صبا لکھنوی
مطلب	مذکر	•	ہوا جب نقش تابع مطلب دل ہو گیا حاصل	گلو ہی اثر دہا ہمکو جو ہاتھ آیا عصا سمجھے	امیر لکھنوی
مکتب	〃	•	جز شیر اور کچھ نہین ان کی غذا بنی	لی گھٹنیون چلی ہین مکتب ہوا ابھی	امیر لکھنوی
مکتب	〃	•	عہد طفلی سے اسیر عشق مین مجنون ہوا	خانۂ زنجیر تھا مکتب مرے اُستاد کا	ناسخ لکھنوی
مکتوب	〃	•	غنچون کی شکل ہو گئی فصل خزان مین پھول	مکتوب اشتیاق عنادل لپٹ گیا	امیر لکھنوی
نقاب	مختلف فیہ		اوٹھا جو پردہ تو کیا شرم ہے ابھی شب وصل	بڑی نقاب تو یہ سلے نگار باقی ہے	امیر لکھنوی
			کم کم اوٹھتا وہ نقاب آہ کہ طاقت رہتی	کاش اکبار رہین منہ نہ دکھایا ہوتا	داغ دہلوی
نصیب	مذکر	•	جسکی پہلو مین ہو تم اوسکا نصیب اچھا ہے	میری دانست مین تمھی بھی نصیب اچھا ہے	داغ دہلوی
			باتین بھی کہین خدا لئے دکھایا جمال بھی	اللہ کیا نصیب جناب کلیم تھا	امیر لکھنوی
نقیب	مذکر	•	فرشتہ نزع مین آیا نظر تو سمجھا مین	ہوئی حضور سے طلبی مری نقیب آیا	امیر لکھنوی
			ردیف بای فارسی		
الاپ	〃	•	ایک ہی پردیکی تم سمجھو تو ہین یہ الاپ	گر صدای بانگ ہے وہ نغمۂ ناقوس ہے	قدرت لکھنوی
بھاپ	•	مؤنث	پڑتی ہے دھوپ قہر کی لو تیز چلتی ہے	اور گرم گرم بھاپ مین سی نکلتی ہے	امیر لکھنوی
پیپ	•	〃	ڈالدی پیپ کلیجو نین غم فرقت نی	غور کرتی ہے تو کر لو جگر افگارونکی	منیر لکھنوی

لفظ	مذکر	مؤنث	مثال		
تپ	•	مؤنث	جو گنہ وصل میں سرزد ہوئی تھی عفو ہوئی	فارغ البال ہوا میں تپ ہجراں آئی	آتش لکھنوی
تڑپ	•	″	تڑپ ہی ہی جو یہی دل کی بعد مرنیکی	زمین گور تہ آسمان رہی نہ رہی	امیر لکھنوی
توپ	•	″	ہجر کی رات کسی طور نہیں ٹلتی ہی	توپ تا صبح قیامت بھی نہیں چلنی کی	رند لکھنوی
چپ	•	″	چپ لگ گئی ہی تیرے لب لعل کی حضور	مانند غنچۂ لال کی منقار بند ہی	امیر لکھنوی
			لگ گئی چپ تجھے ای داغ حزیں کیوں ایسی	مجکو کچھ حال تو کم بخت بتا تو اپنا	داغ دہلوی
دھوپ	•	″	جام شراب ہاتھ سی ساقی نی رکھدیا	جب منہ پر اسکی دھوپ چمن میں فرکھلی	داغ دہلوی
روپ	مذکر	•	صبح فرقت نی دکھایا روپ سارا شام کا	آفتاب صبح کو سمجھا میں تارا شام کا	ناسخ لکھنوی
سانپ	″	•	عشق گیسو میں یہ عالم ہی دل بیتاب کا	تار پیچاں جو ہی اک سانپ ہی سیماب کا	ناسخ لکھنوی
سیپ	•	مؤنث	مال سی اور ہوس مال کی بڑھ جاتی ہی	سائل قطرہ ہوئی سیپ جو دریا پایا	برق لکھنوی
ملاپ	مذکر	•	حشر میں ان کا مرا ہوگا جو آپس میں ملاپ	اہل محشر کو کٹیگا دن مبارکباد میں	داغ دہلوی
			ردیف تای مثناۃ		
آفت	•	مؤنث	اک بلا سر سی ٹلی دوسری آفت آئی	شب فرقت جو گئی صبح قیامت آئی	امیر لکھنوی
آیت	•	″	جعفر میں جی اوٹھا وہیں منہ پر مری جو آ	کچھ آیت اوسنے پڑھ کی جو میں دم کی رات کو	جعفر
اجازت	•	″	دی مجکو شکایت کی اجازت کہ ستمگر	کچھ تجکو مزا بھی مری آزار میں آئی	غالب دہلوی
اُجرت	•	″	نہ ہو نہ زاہد لا حاصل ہی	بیگاری کو اجرت کیسے	امیر لکھنوی
اُلفت	•	″	مرگئی ہم تو بنا آئینہ خانہ میں مزار	دلسی الفت نگئی آئینہ رخساروں کی	امیر لکھنوی
انگشت	•	مؤنث	دعوئ خون ہی میں کار ہی کیا حشر کی دن	سرخ مہندی سی ہی انگشت شہادت تیری	امیر لکھنوی
بات	•	″	غیر کی ساتھ وفا کرکے وہ مجھسے بولی	یہ وہی بات ہی جو تمنی ہمارا کہی ہی	امیر لکھنوی
			کیا بڑی بات تھی با تو نہیں اوسی بہلانا	نہ گلی آئے نہ بانیر نہ دعائیں آمین	داغ دہلوی
بت	مذکر	•	تو وہ بت ہی کہ اگر دیر میں جاتا اکدم	مثل ناقوس ہر اک بت وہیں نالاں ہوتا	ناسخ لکھنوی

لفظ	مذکر	مؤنث	مثال		
بخت	مذکر	•	ہند سے تا بہ دکن داغ ہی شہرت تیری	ابتو کچھ اور ترا بخت رسا کہتا ہی	داغ دہلوی
			کیا وادی جنون مین ہلا مجکو بخت پست	جادہ بھی میرے واسطے دیوار ہوگیا	امیر لکھنوی
برات	•	مؤنث	آواز صور سنکی کہا دل نے قبر مین	کسکی برات آئی یہ باجا کدہر بجا	امیر لکھنوی
			ساتھ حورون کے ہی شہید ترا	کیا عدم کو برات جاتی ہی	داغ دہلوی
برداشت	•	مؤنث	لطفِ شراب سے ہی خبر ہین کیا کرون	برداشت ساقیا نہین مجکو خمار کی	ناسخ لکھنوی
برسات	•	〃	جن دنون عشق رلاتا تھا ہمین صورت ابر	کونسی فصل تھی وہ جسمین کہ برسات نہ تھی	آتش لکھنوی
بسنت	•	〃	عشق کی آتی ہی منہ پر مری پہولی ہی بسنت	ہوگیا زرد یہ شاگرد جب اُستاد آیا	داغ دہلوی
			متوجہ ہی کدہر یار کہان آئی بسنت	کسکی گلدستے مین اوسکی گلِ رخسار بندہی	امیر لکھنوی
بہشت	مذکر	•	جی چاہتا ہی جسکو وہ یارب نصیب ہو	کیسا بہشت مجکو تمنا ہی اور ہی	داغ دہلوی
بیت	مذکر	•	سر سے تا پا اپنی شعلے کی طرح تھرا گئی	شمع کو جس شب مرا بیتِ حزن یاد آگیا	ناسخ لکھنوی
بیت	•	مؤنث	ترے لب بروی پیوستہ کا عالم مین فسانہ ہی	کسی اُستاد شاعر کی یہ بیتِ عاشقانہ ہے	آتش لکھنوی
پوست	مذکر	•	حشر مین پائیگا خوش چشمونکی ایذا سی سزا	پوست کھینچا جائیگا صیادِ آہوگیر کا	امیر لکھنوی
تابوت	〃	•	اوٹھ گئی لاش مگر آپ نے اتنا نہ کہا	کہ یہ تابوت سرِ راہگذر کسکا ہی	امیر لکھنوی
تربت	•	مؤنث	پہر کوئی تیر دکمان اب لیو وہ آتا ہی	خود چھپے یا کہ چھپائی مجھے تربت میری	داغ دہلوی
تفاوت	مذکر	•	دلمین بستا ہی مرے پردہ نظر آتا نہین	کیا تفاوت رہگیا اوس بت مین اور آئینہ مین	ناسخ لکھنوی
تمکنت	•	مؤنث	یا تو ایسی تمکنت یا یہ سی وحشت اسقدر	یا جنون سر مین ہوا یا کوئی مجنون ہوگیا	داغ دہلوی
ثبات	مذکر	•	ثبات بحرِ جہان مین اپنا فقط مثالِ حباب دیکھا	نہ جوش دیکھا نہ شور دیکھا نہ موج دیکھی نہ آب دیکھا	داغ دہلوی
جست	•	مؤنث	ہستی سے تا بملکِ عدم ایک جست تھی	جہپکی نہ آنکھ بھی کہ ادہر سے ادہر لیا	ناسخ لکھنوی
جنت	•	مؤنث	دہلی والونکے لیے تازہ بنیگی جنت	لیگئی ساتھ یہ پاک تحفہ مکانِ دہلی	داغ دہلوی
چھت	•	〃	قہر نازل ہو جو ہنس پڑنا تمہارا آئے یاد	چھت مکانکی توڑ کر بجلی زمین پر گر پڑے	امیر لکھنوی

لفظ	مذکر	مؤنث	مثال		
حالت	٠	مؤنث	رحم آیا جو اوسی دیکھ کے حالت میری	غم یہ کہتا ہی کہ اب حیکیی فرحت میری	داغ دہلوی
			دیکھیی حالتِ دل سردسی کیا ہوتی ہی	روح تام شبِ فرقت سی فنا ہوتی ہی	برق لکھنوی
حُجت	٠	″	حُجت ہی جرم وکلی گواہی مین رہگئی	آلودہ اونکی مہر سیاہی مین رہگئی	داغ دہلوی
حرارت	٠	″	حرارت عشق کی لمین برہمن کی نہین ورنہ	برنگ سوی آتش دیدہ ہون نار پہلو مین	داغ دہلوی
حرمت	٠	″	ہمپر عبث ہی حوصلہ نیشتر زنی	حرمت تمام عمر کی فصاد جائیگی	نسیم دہلوی
حسرت	٠	″	آلہی دیدۂ دل تو نہ ٹھیری رہگذر ٹھیری	کہین حسرت ٹھہرتی ہی کہین جھنڈ گذرتی ہین	داغ دہلوی
			ہون وہ مایوس کہ دنیا سی جو اوٹھا مین امیر	گور تک پیٹتی روتی مجھی حسرت آئی	امیر لکھنوی
حِفاظت	٠	″	یہ وجہ ہی جو مصحف عارض پہ ہی نقاب	کرتی ہی جلد خوب حفاظت کتاب کی	امیر لکھنوی
حقیقت	٠	″	حقیقت برق کی کیا ہی مگر اوس سے ٹھی ڈرتی ہین	سنبھلکر بیٹھنا جب بیٹھنا تم بیقرار وہین	داغ دہلوی
حیات	٠	″	دلی روز قیامت ہی حیاتِ جاوید	ہمنے دیکھے بہت اوس شوخ پہ مرنیوالی	داغ دہلوی
حیرت	٠	″	میہمان سے کبھی خالی نہ رہا گھر میرا	یاس رخصت جو ہوئی دلسے تو حیرت آئی	امیر لکھنوی
خرابات	٠	مؤنث	نکلین گے خانقاہ سی جسوقت بھر وہی	ہم ہونگی رند ہونگے خرابات ہوئیگی	ظریف دہلوی
خلعت	مذکر	٠	لب پر اہی غنچہ دہن تحریر مسی کی نہین	کاتبِ تقدیر نے خلعت دیا ہی ہم کو	امیر لکھنوی
خلقت	٠	مؤنث	عدم مین کیا تماشا ہی کہ ویراں	چلی جاتی ہی سب خلقت خدا کی	امیر لکھنوی
خیانت	٠	″	جان دیدون تجھے پر ڈرتا ہون	کہ امانت مین خیانت ہوگی	داغ دہلوی
خیرات	٠	″	خط نکلا تو بوسہ رخِ پرنور کا پایا	خیرات برہمن کو ملی چاندگہن کی	امیر لکھنوی
دانت	مذکر	٠	پوچھا نجائیگا جو وطن سے نکلگیا	بیکار ہی جو دانت دہن سی نکلگیا	امیر لکھنوی
دست	″	٠	ہون وہ بلبل یہ کیا گلشن کو نغمہ مین	دست گلچین پڑگیا آکر بہک کر خار پہ	امیر لکھنوی
دشت	″	٠	وہی وحشت ہی وہی خار وہی ویرانہ	دشت کس بات مین اچہا ہی کاشانے سی	داغ دہلوی
دعوت	″	٠	ہچکیونکی ملک الموت نی بہلائی ہی ڈاک	دوست گھر مین ہی دعوت تری بیمارونکی	امیر لکھنوی

لفظ	مذکر	مؤنث	مثال	
دوات	۰	مؤنث	ہین وصف زلف دم گریہ لکھ نہین سکتا	شمول اشک سی بہیکی دوات اتنی ہی
دولت	۰	〃	مقدر ہی جو وارثون ہو تو کام آئی ہی کب دو	ہمیشہ خاک چہنوائی فلک نے کیمیاگر سی
			چلو کعبے ملیگی دولت وصل صنم تمکو	کہی کس چیز کی ای داغ ہی اللہ کی گہر مین
دہشت	۰	〃	اندیشۂ بہار سی رنگ خزان ہی زرد	دہشت لگی ہوئی ہی اسی انتقام کی
ذات	۰	〃	کیا کرون وصف بتان خود پسند	انسی بڑہکر بس خدا کی ذات ہی
رات	۰	〃	حرف مطلب صاف کہسکتا نہین	ہی ادب مانع کہ پہلی رات ہی
			راتین مصیبتونکی جو گذری ہین آج تک	ماتم کو آئے ہین مرے روز سیاہ کو
راحت	۰	〃	مجکو جنت مین نہ راحت ہوگی	گر یہی دل ہی قسمت ہوگی
رایت	مذکر	۰	ساتھ رہتی ہی ہمیشہ فوج تائید خدا	رایت عالی بنا ہی مد بسم اللہ کا
رُت	۰	مؤنث	جہولا جہلوائینگے لیجاکے چمن مین تجکو	رُت کہین آئے تو ای حور لقا ساونکی
رحلت	۰	〃	ہوا رنج و غم کا عدم مین فیصلہ	ہماری جو دنیا سے رحلت ہوئی
رحمت	۰	〃	میکشو مژدہ کہ گہنگہور گہٹائین آئین	تمپہ رحمت ہوئی تو یہ بلائین آئین
رخت	مذکر	۰	پہنا دیا ہی خلعت زر اوسکی نور نے	رخت سیاہ دور شب تار نے کیا
رفعت	۰	مؤنث	پس مرن یہ بخشی ہمکو رفعت بیقراری نی	چہپی ہم خاک کی نیچی گئی افلاک کی اوپر
رقت	۰	〃	دل پرسوز کا نوحہ جو مین پڑہنے بیٹھا	وا دو دینی کے لیے بزم مین رقت آئی
رنگت	۰	〃	ساقی وہ ہمکو موسم گل مین شراب دے	خوشبو ہو جسمین مشک کی رنگت شہاب کی
ریاست	۰	〃	سب پہ یکسو ہنسی ریاست ہی تری بالاتر	معتبر جیسی ہو اخبار و نہین اخبار گزٹ
زیارت	۰	〃	وہ ہجوم ہی زیر زمین کشتۂ ناز آیا ہی	ہوگئی عید شہیدون کو زیارت تیری
زیست	۰	〃	بوسۂ لب وہ نہین دیتی شکر رنجی سہی	تلخ ہو زیست نہ کسطرح نمکخوار دلکی
			یہ چاہتا ہی شوق کہی جائین حال دل	جتنب ہماری زیست ہو روز جزا کی بعد

امیر لکھنوی
امیر لکھنوی
داغ دہلوی
آتش لکھنوی
امیر لکھنوی
امیر لکھنوی
داغ دہلوی
داغ دہلوی
برق لکھنوی
صبا لکھنوی
صبا لکھنوی
داغ دہلوی
ناسخ لکھنوی
امیر لکھنوی
امیر لکھنوی
امیر لکھنوی
امیر لکھنوی
داغ دہلوی
امیر لکھنوی
داغ دہلوی

لفظ	مذکر	مؤنث	مثال	
سرگذشت	•	مؤنث	کہا جو مین نی کہ مت پوچھو سرگذشت مری	جب آپ جانین کہ ہوتی ہی کیسی دلکی لگی
سرنوشت	•	مؤنث	ہون وہ محو بیخودی لکھی جو میری سرنوشت	مٹگیا جو حرف نکلا خامۂ تقدیر سے
سعادت	•	″	اگر میری سیہ خانہ مین آجای	سعادت ساری اوڑجائے ہما کی
سکت	•	مؤنث	انگشت آرزو سی دوا آج لت ہوئی	بیمار دور چشم کو اتنی سکت ہوئی
سوت	•	″	رہتی ہین عشق فن مین اشک آنکھونسی وان	دیکھنا پھوٹی ہی سوت آکر کہان اس چاہ کی
سوغات	•	″	ای نسیم سحری بہر اسیران قفس	تحفۂ نکہت گل ہی کوئی سوغات نہی
شامت	•	″	ہاتھ مین نی جو بڑہایا کبھی گیسو کیطرف	بولی جھنجھلا کی ہی شاید تری شامت آئی
			ہی چارہ ساز گلچین گلہای داغ دلکا	شامت بہار کی ہی آئی جو اس چمن مین
شربت	مذکر	•	رفتہ رفتہ راہ پہ لانا ہی واعظ کو ضرور	لیچلون شربت بناکر نذر کو انگور کا
			یاد آجاتی ہین جب خم محبت کی مزی	شربت خضر بھی حق مین مری سم ہوتا ہی
شکایت	•	مؤنث	کبھی دیتی نہین کچہ منہ سی محبت تیری	لب پہ رہجاتی ہی آآ کی شکایت تیری
			دلا ہمسے گلہ اوس دلربا کا	شکایت آشنا سے آشنا کی
شہادت	•	″	شہادت دشمنونکی ننگ ہی شوق شہادت کو	مرا محضر بنائین دوست اپنی ہی گواہی سی
شہرت	•	″	خوب تقدیر کی خوبی نی کیا ہی برباد	جابجا مجکو لیے پہرتی ہی شہرت میری
صفت	•	″	واعظ تری سمجھ کے بھی قربان جائیی	قرآن مین تو طہور صفت ہی شراب کی
صنعت	•	″	واہ کیا شکل ہی حیرت کی شباہت کیسی	آپ تو کیسا ہی صانع تری صنعت کیسی
صورت	•	″	مآل کار کی صورت نظر آتی تو رو دیتا	ہر رنگ اشک گرتا آئینہ چشم سکندری
			نپوچھو داغ ہمسی انتظار یار کی صورت	یہ آنکھین جانتی ہین خوب جو نقشی گذرتی ہین
ضمانت	•	″	قرض ملجائیگی وہ سنتے رضا نین مجکو	حضرت شیخ جو کرلینگے ضمانت میری
طبیعت	•	″	خوش خرامی پہ جو اوس بت کی طبیعت آئے	چال اوڑانیکو ہلی پاؤن قیامت آئی

مومن دہلوی
امیر لکھنوی
امیر لکھنوی
امیر لکھنوی
رشک لکھنوی
ناسخ لکھنوی
آتش لکھنوی
امیر لکھنوی
داغ دہلوی
امیر لکھنوی
داغ دہلوی
داغ دہلوی
امیر لکھنوی
داغ دہلوی
داغ دہلوی
امیر لکھنوی
امیر لکھنوی
رند لکھنوی
امیر لکھنوی
داغ دہلوی
داغ دہلوی
امیر لکھنوی

لفظ	مذکر	مؤنث	مثال		
عادت	•	مؤنث	ہی رقیبونکی زبان پر بہی ستم کا شکوہ	تو بہی مجبور ہی جاتی نہین عادت تیری	داغ دہلوی
عبادت	•	″	جنون کی اطاعت تو دشوار ہی	خدا کی نہ ہمسے عبادت ہوئی	سیف لکھنوی
عبارت	•	″	لکھا ہی صبا حال جو بیتابیِ دل مین	مفہوم مری خط کی عبارت نہین ہوتی	صبا لکھنوی
عبرت	•	مؤنث	گورین کہتی ہی عبرت قیصر و فغفور سے	کیون نہین کرتی ہو اب صاحبقرانی پر گھمنڈ	اسیر لکھنوی
عدالت	•	″	میکدہ چہوڑ کی جنت کیطرف جائی امیر	چڑہکی منبر پہ یہ کی خوب عدالت وعظ	اسیر لکھنوی
عداوت	•	″	بی سبب دشمنِ جانی وہ ہوا ہی میرا	بغض للہ ہی اوس بت کو عداوت کیسی	رند لکھنوی
عزت	•	″	کیا کہونگا اگر اوس بت نی کہا محشر مین	داورِ حشر تری ہاتھ ہی عزت میری	داغ دہلوی
عظمت	•	″	یہ عظمت رہکی زاہدان تجو نہین ہمنی پائی ہے	کہ کعبہ ہمکو لینے تا در میخانہ آتا ہی	اسیر لکھنوی
			انہین لوگو نکی آنے سے تو میخانیکی عظمت ہے	قدم لو شیخ کی تشریف لائی بادہ خوار نہین	داغ دہلوی
عمارت	•	″	فخر انسان نکرے جسم کی تیاری پر	ایکدن خاک یہ مٹی کی عمارت ہوگی	صبا لکھنوی
غربت	•	″	ہی روح کو ہوس کہ نچہوڑی بدن کا ساتھ	غربت پکارتی ہی کہ غافل وطن کو چہوڑ	اسیر لکھنوی
غفلت	•	″	مین نہ کہتا تہا کرے لیجیے دل کہلتا ہی	دیکھیے آپکی غفلت ہی کہ غفلت میری	داغ دہلوی
غیرت	•	″	شرکت غم بہی نہین چاہتی غیرت میری	غیر کی ہو کی رہی یا شبِ فرقت میری	داغ دہلوی
			ہمتو اپنو نسی بہی بیگانہ ہوئی الفت مین	تم جو غیرو نسی ملی تمکو نہ غیرت آئی	بحر لکھنوی
فرحت	•	″	رحم آیا جو اوسے دیکھ کے حالت میری	غم یہ کہتا ہی کہ اب دیکھیے فرحت میری	داغ دہلوی
فرصت	•	″	تری ہاتہون مجھے ملے رنجِ فراق	کبہی مرنیکی بہی فرصت ہوگی	داغ دہلوی
			مصروف یا دوست ہون ای منکر و نکیر	پوچہا کرو یہان نہین فرصت جوابکی	اسیر لکھنوی
قامت	مختلف فیہ		قامتِ موزون نظر آئی مجہی جالی الف	تہا شروعِ عاشقی دن اپنی بسم اللہ کا	ناسخ لکھنوی
			قامتِ موزون تصور مین قیامت ہوگیا	چشم کی گردش نے کار فتنۂ دوران کیا	آتش لکھنوی
قدرت	•	″	اب لفافہ بہی نہین خط کا خدا کی قدرت	پہلی اتنی ہی شکایت تہی کہ القاب نہین	داغ دہلوی

لفظ	مذکر	مؤنث	مثال		
قِسمت	٠	مؤنث	پرلیجائیگی قسمت حشر کو اہل مصیبت کی	نہیں ہے جب بھی تو یہ جائیگا سیر مقدر ہیں	داغ دہلوی
			چمکی یہ روی یار سے قسمت نقاب کی	جالی سی چھن رہی ہے کرن آفتاب کی	امیر لکھنوی
قنات	٠	″	ہم خانہ گو یار سے ہیں پر جدا ہیں ہم	ہے بیچ میں قنات سے لگی ہوئی	امیر لکھنوی
قوت	٠	″	قوت رفتار جب اوس فتنہ گر کو ملگئی	آگیا روز ازل میرا مقدر زیر پا	داغ دہلوی
قیامت	٠	مؤنث	یا مری داد ملی روز جزا	یا قیامت پہ قیامت ہوگی	داغ دہلوی
کائنات	٠	″	ترک دنیا کا سوچ کیا ناسخ	کچھ بڑی ایسی کائنات نہیں	ناسخ لکھنوی
کدورت	٠	″	پوچھو نہ کچھ کدورت اس شوخ انداز کی	آتی ہے خاک لینی آندھی سی چمن میں	داغ دہلوی
کلفت	٠	″	مٹا سکتی نہیں مژگان تر کلفت مری دل کی	نہ جہاڑی گرد دست موج نے داماں ساحل کی	امیر لکھنوی
کمیت	مذکر	٠	تری فیل فلک رفعت سی تھی وہ لیکہ وابستہ	کمیت خامہ مضمون سواری میں بہت بگڑا	آتش لکھنوی
کھیت	″	٠	کشتوں کا کھیت کاٹتی ہے تیغ یار	جامہ بھی یہ قطع ہے قطع و برید کا	امیر لکھنوی
کیفیت	٠	مؤنث	بجا ہے گر تغیر آگیا اعضا میں پیری سے	سحر ہوتی ہے کیفیت بدلجاتی ہے محفل کی	امیر لکھنوی
گات	٠	″	کھینچ شمشیر ادا میاں میں کیا رکھی ہے	یہ بھی کیا گات ہے قاتل کہ چھپا رکھی ہے	امیر لکھنوی
گت	٠	″	ستارین بھی بن ٹھنی ہے رنگ اونکو چاہنیکی	پہنکر سرخ جوڑا گت بجاتی ہیں شہانیکی	امانت لکھنوی
گھات	٠	″	تنہا نہ پھرو امیر دیکھو	ہے گھات میں ہر عدو تمہارے	امیر لکھنوی
			ہمارے سامنے شکوہ عدو کا	ہماری گھات ای ظالم ہمیں سے	داغ دہلوی
لخت	مذکر	٠	بڑی ثابت قدم یاران یکدل دوست ہوتی ہیں	گرا اشک دیدہ سے لخت جگر ہو کر بہم نکلا	[illegible] دہلوی
لذت	٠	مؤنث	غیر کا مذکور کرنے سے وہ کچھ یاد آگیا	وصل میں لذت دم بوس و کنار آنیکو تھی	داغ دہلوی
			طفلی سے مجکو بادہ کشی کا ہے ذائقہ	ملتی تھی شیر دایہ میں لذت شراب کی	امیر لکھنوی
لکنت	٠	مؤنث	داغ دیتا ہے فصاحت کو ترا تتلانا	زلزلہ ڈالتی ہے بات میں لکنت تیری	رشک لکھنوی
مت	٠	″	الٹی تقدیر مری قسمت اغیار پہری	ہائی کیسی تری مت ای بت عیار پہری	صبا لکھنوی

لفظ	مذکر	مؤنث	مثال		
محبت	۰	مؤنث	کہنی دیتی نہین کچھ منہ سے محبت تیری	لب پہ رہجاتی ہی آ آ کی شکایت تیری	داغ دہلوی
مدارات	۰	”	نہ وہ صحبت نہ وہ الفت نہ مدارات رہی	آٹھوین ساتوین کی مجھسے ملاقات رہی	رند لکھنوی
مذمت	۰	”	مذمت کر رہا ہی بادۂ انگور کی زاہد	مزہ جب ہی کہ ہو ایسی ہی سرخی آب کوثر مین	داغ دہلوی
			ڈرتی نہین ہو ساقیِ کوثر سے واعظو	منبر پہ بیٹھکر یہ مذمت شراب کی	امیر لکھنوی
مصیبت	۰	”	ترے کشتہ نے خنجر ہی کی نیچے	مصیبت جھیل لی روزِ جزا کی	امیر لکھنوی
			وہ مصیبت نہین سُننی جاتی	جس مصیبت کو دیکھتا ہو نہین	امیر لکھنوی
ملاحت	۰	مؤنث	تری چہری کی ملاحت جو فلک نے دیکھی	پھٹگیا مرے سے دل شیر سحر کی صورت	امیر لکھنوی
ملاقات	۰	”	بیگانہ جہان مین غربت نے کر دیا	کچھ کچھ کسی کسی سے ملاقات رہگئی	امیر لکھنوی
منبت	۰	”	ہیچ ہین پیش نظر نقش و نگار مانی	جیسے دیکھی ہی منبت تری دیوارونکی	رند لکھنوی
مِنت	۰	”	امیر سخت جان بہی ہو چکا قتل	چلو منت ہوئی پوری قضا کی	امیر لکھنوی
مِنت	۰	”	پیرِ گردون ہی مگر پیر مغان ای ساقی	نہ سفارش تری مقبول نہ منت میری	داغ دہلوی
منزلت	۰	”	منزلت اضداد سے بڑہجاتی ہی ہر چیز کی	کعبے کی رونق ہوئی بتخانے کی تعمیر سے	امیر لکھنوی
موت	۰	”	جلانا مارنا ہی کام ان خورشید رویون کا	کہ جی اوٹھتی ہین ذرّے موت آجاتی ہی شبنم کی	امیر لکھنوی
			موت اب کوچۂ قاتل مین کھڑی رہتی ہی	یہ بھی قسمت کی تری ای دل بیتاب نہین	داغ دہلوی
نبات	۰	”	دہو کی دلواتی ہی شیرین سخنی ای نوشاہ	کہاسیے کہان مصری وہ نبات آپہونچی	[illegible] دہلوی
نزاکت	۰	”	ناتوان دیکھکر افسوس نہ آیا مجھپر	وہ خفا ہین کہ اوڑائی ہی نزاکت میری	داغ دہلوی
نسبت	۰	”	تمنے دی کوہکن و قیس سے مجکو نسبت	کوئی دیوانہ نہین ہین کوئی مزدور نہین	داغ دہلوی
			اتنی نسبت بہی کفایت ہی یہان بخشش کی	کاش وہ اپنا گنہگار ہی جانے ہمکو	امیر لکھنوی
نشست	۰	”	راستہ چھوڑ کے اوس کوچہ سے بہاگین گے غیر	جب نشست آٹھ پہر رہنی لگی یارونکی	امیر لکھنوی
نفرت	۰	”	نفرت ہوئی فراق مین ایسی شراب سے	زاہد کہا کیا مین نہ توبہ شکن ہوا	رند لکھنوی
					امیر لکھنوی

لفظ	مذکر	مؤنث	مثال		
نفرت	•	مؤنث	سنا لیتی ہین ہر مظلوم کو وہ عذرخواہی سے	گنہگارون کو نفرت ہوگئی ہی بیگناہی سے	داغ دہلوی
نوبت	•	″	نوبت تلک نہ آئی حساب وکتاب کی	اللہ شام بھی ہوئی روز حساب کی	اسیر لکھنوی
			پونہچی نہ اہل فیض سے نوبت سوال کی	خود ہاتھ وہ ملاتی ہین سائل کی ہاتھ سی	داغ دہلوی
نوبت	•	″	کی ہین سنے جو غم سے سینہ کوبی	نوبت یہ صبح کی بجی ہے	ناسخ لکھنوی
نیت	•	″	یو نتو برسون نہ پیون اور نہ پلاؤن زاہد	توبہ کرتی ہی بدلجاتی ہی نیت میری	داغ دہلوی
ودیعت (مؤخر)	•	مؤنث	عقوبت کی حد تھی نہ پرسش خطا کی	پڑی لٹ رہی تھی ودیعت خدا کی	حالی
وحشت (مقدم)	•	″	نئی وحشت ہی مجکو وحشیونسی انس ہی ایسا	کہ آنکھین وحشت مین ملتا ہون نقش پای آہو	اسیر لکھنوی
			ایسی وحشت نہین اپنی کہ ہو محتاج بہار	پہلی ہی چاک گریبان کیے بیٹھے ہین	داغ دہلوی
وقت	مذکر	•	موت کیون آکے پھر گئی شب غم	وقت آیا ہوا نہین ٹلتا	داغ دہلوی
			ای اجل باندہ کمر وقت ترا آپہونچا	دن ڈہلا دیکھ وہ شام شب فرقت آئی	اسیر لکھنوی
ہمت	•	مؤنث	شوق کہتا ہی ابہی عرض تمنا کیجے	دل یہ کہتا ہی کہ پڑتی نہین ہمت میری	داغ دہلوی
یاقوت	مذکر	•	ظفر اوسکی لب رنگین سی ہم تو کام کہتی ہین	کہان اونکا لعل رمانی ہی یاقوت یمن کسکا	ظفر دہلوی
			ردیف تای ثقیل سے		
اوٹ	مختلف فیہ		ہم اگر چاہین تصور کرکے دیکہین بیحجاب	پھر کسی سے شرم کا پردہ حیا کا اوٹ ہی	رشک لکھنوی
			جرات کرین نہین کیا کہ جو دل ٹھٹہتی ہین ہم	تو بہی حجاب عشق کی آپہین اوٹ ہی	جرات دہلوی
اینٹ	•	مؤنث	سہرا ای حسرت نہین ہوس کیا مناسب ہے	اگر لگوائیے اینٹین قبر مین دو چار سونیکی	ناسخ لکھنوی
بٹ	•	″	عاجزونکو جو ملی عدل سی تیری قوت	شیر کو دری لگانے لگی گاؤ کی بٹ	اسیر لکھنوی
پاٹ	مذکر	•	دامن ابر پاٹ دریا کا	دی گرہ تو سکہے کہ باندہا تہا	تیغ دہلوی
پاٹ	″	•	ڈراتا ہی کسی کی شیخ تو نار جہنم سے	سمندر سوچ ماری گر نچوڑون پاٹ دامانکا	آتش لکھنوی
پٹ	″	•	وہ نہ ٹوٹا ترے مجنون نی بہت سر پھوڑا	ہی ترے دل کی طرح پٹ تری لکا مضبوط	ظفر دہلوی

لفظ	مذکر	مونث	مثال		
پوٹ	۰	مونث	تمکو لکھنے پڑینگے لاکھون جواب خط شوق	پوٹین درکار ہین ہنگام سفر کاغذ کی	رشک لکھنوی
پھوٹ	۰	مونث	جنون ہین دیکھیے میدان کسکی ہاتھ رہتا ہے	پڑی ہے آبلونمین پھوٹ اور ایکاہے خارونمین	داغ دہلوی
پیٹ	مذکر	۰	اونٹھگیا اوسکا دوپٹہ جو ہوا سی ای رند	صاف آئینے سے وہ پیٹ مصفا دیکھا	رند لکھنوی
تلچھٹ	مختلف فیہ		ساقی کا دل ضرور مکدر ہے کچہ نہ کچہ	تلچھٹ ہوئی ہے ہمکو عنایت شراب کی	امیر لکھنوی
			کسکی مٹی خراب ہو ساقی	اسکا تلچھٹ خراب ہوتا ہی	آتش لکھنوی
ٹاٹ	مذکر	۰	ٹاٹ بہی ملنی کا مرقد مین نہین کل ہے فرش	خوش ہو کہ آج بندہ صاحب قالین ہوا	امیر لکھنوی
جگمگٹ	مذکر	۰	خل ہون ممدوح کی ہاتہو نسی جہات جہان	در دولت پہ رہی اہل غرض کا جگمگٹ	امیر لکھنوی
جھنجھٹ	؍؍	۰	ہی یہان تذکرۂ معنی تفسیر و حدیث	اہل منطق سے کہو لالی کہانکا جھنجھٹ	امیر لکھنوی
چاٹ	۰	مونث	سناتی ہین ساقی کو میخوار ڈہب کی	کہ ہو چاٹ کوئی مزیدار ڈہب کی	مصحفی دہلوی
چٹ چٹ	۰	؍؍	تری بلائین مری طرح یہ بہی لیتا ہے	نہ کیونکر آگ مین اسپند کی چٹ چٹ ہو	ناسخ لکھنوی
چوٹ	۰	؍؍	کیا اثر کی اوس نگاہ شوخ کی چوٹ	آتی جاتی نظر نہین آتے	داغ دہلوی
			عاشق کچہ آج کل سی نہین ہین ہتو نکی ہم	اک عمر سے یہ چوٹ ہی دلپر لگی ہوئی	امیر لکھنوی
چوکھٹ	۰	مونث	ملک دولت کی ترقی ہو الٰہی ہر روز	سجدہ گہ ساری زمانیکی رہی یہ چوکھٹ	امیر لکھنوی
چھپرکھٹ	مذکر	۰	جو تری کہ چھین سو یا خاک پر آرام سی	ترک انہی سونیکا اوسنی چھپرکھٹ کر دیا	مصحفی دہلوی
چھیٹ	۰	؍؍	پڑگئین کچہ جوہری گرم لہو کی چھیٹین	اوڑگئی جوہر شمشیر کی صورت	امیر لکھنوی
رٹ	۰	؍؍	تو جسکا نام بہی نہین لیتا کبہی اوسی	رٹ تیرے نام کی ہے برابر لگی ہوئی	امیر لکھنوی
رکاوٹ	۰	؍؍	رکاوٹ نہ ہوتی تو دل ایک ہوتا	تمہارا ہمارا ہمارا تمہارا	داغ دہلوی
کاٹ	مذکر	۰	توڑکر سینہ کو کاٹا ہے تری مژگان نی دل	توڑا ہمین تیر کا ہی کاٹ ہے شمشیر کا	امیر لکھنوی
کاٹ	۰	مونث	میری ہاتہ قیون نے بہی سیری ہی کاٹ کی	تلوار بن گیا جو منت رچک گیا	جلال لکھنوی
کروٹ	۰	مونث	کیا وخل ہے قرار ہی دلسے جو اک طرف	کروٹ مری سہی بستر لگی ہوئی	داغ دہلوی

لفظ	مذکر	مؤنث	مثال		
گھاٹ	مذکر	۰	تری شمشیر پر خم نے ہزاروں سر اوتارے ہین قتل ابرو سی ہوئی شعلہ عارض سی جلی	یہی تو گھاٹ ہی بحر محبت کی اوتاریکا تیغ کا گھاٹ ملا آگ کا دریا پایا	داغ دہلوی برق لکھنوی
گھبراہٹ	۰	مؤنث	رہی ہو جسطرح دلمین ہو منظور نہین بہی تو نہین	کہانکی ایسی گھبراہٹ ہی ٹہیرو دم تو لو جانا	داغ دہلوی
گھونگھٹ	مذکر	۰	شب مہتاب ہے کم منہ پہ نہین اندہیاری	بلکہ زیبا ہی اگر کہیے دولہن کا گھونگھٹ	امیر لکھنوی
لاٹ	۰	مؤنث	رفتار سے کرتی رہو پامال ہتو نکو	چلتی عصا پہ رہی لاٹ تمہاری	صبا لکھنوی
لپٹ	۰	"	گر آئی نہ بو الفتِ محبوب کی تو کیا	دیگا نہ لپٹ قبر پہ میری اگر ایسی	خورشید لکھنوی
لگاوٹ	۰	"	سر جدا تن سی کسی روز کرا ہی خنجر یار	یہ لگاوٹ تری ہر بار نہین اچھی ہی	امیر لکھنوی
مکٹ	مذکر	۰	دامنِ شاہدِ کنعان ہی ہر اک دامن مین	سر پہ کلگی کہ کنہیا کا ہی پیور مکٹ	امیر لکھنوی
ہٹ	۰	مؤنث	یاد جب آتا ہی یہ کہنا تو اوڑ جاتی ہی نیند	اپنی ہٹ تو رکھ چکی لو اب تو ہٹکر سوئیے	جرأت دہلوی
ردیف ثای مثلثہ					
باعث	مذکر	۰	کہلا اونکی جفا کا کچہ نہ باعث نپوچھ الفت خالِ سیاہ کا باعث	مگر اتنا کہ ہمنی کیون وفا کی پسند اپنی ہی مجھکو یہی پسند ہوا	داغ دہلوی امیر لکھنوی
بحث	۰	مؤنث	سخت باتونکا تری کیا دین جواب	بحث ہوئی دو بدو اچھی نہین	صبا لکھنوی
حدیث	۰	مؤنث	رد کی حدیث شوق ادا کی	آگ پہ روغن تھی تمنا کی	مومن دہلوی
ردیف جیم تازی					
آماج	مذکر	۰	ہی نگاہ یار میرے داغ پر	یہ چراغ آتشِ تیر کا آماج ہی	ناسخ لکھنوی
احتیاج	۰	مؤنث	ایک ایک تل ہی عارضِ جانانکا لاجواب	قرآن کو احتیاج نہین انتخاب کی	امیر لکھنوی
امتزاج	مذکر	۰	ہوا یہ میرے زمانی مین امتزاج شراب	کہ اب مزاج یہان ہوگیا مزاج شراب	رشک لکھنوی
اناج	مذکر	۰	کیسی شیطان بنے ہین دہقان	کیون نہ بہکائین گران ناج ہوا	آتش لکھنوی
اوج	"	۰	برباد ہوکے اوسکی گلیمین ملا یہ اوج	ذرہ ہین آفتاب ہماری غبار کی	امیر لکھنوی

لفظ	مذکر	مؤنث	مثال		
پکھاوج	۰	مؤنث	اوسنے جو پکھاوج اوسکو دیدی	کیفیتِ اتفاق سے نہ دی	ناسخ لکھنوی
تاج	مذکر	۰	مراخط لیگیا اوس غیرتِ بلقیس تک جب سے	ملا ہی طایروں مین تاج ہدہد کو تفاخر کا	امیر لکھنوی
جھانجھ	″	۰	سنکر دہل کی شور کلیجے دہلتے تھے	تھرا کے جھانجھ بھی کفِ افسوس ملتے تھے	انیس لکھنوی
حج	″	۰	ہزار شکر ہمین داغ حج نصیب ہوا	قصور وار گئے بیقصور ہم آئے	داغ دہلوی
دراج	″	۰	ہوا پامال تیری چال پر صیاد مین لی پہ	عبث دامِ بلا مین تجھ نی یہ دراج کھینچا ہی	آتش لکھنوی
رنج	″	۰	ساری جہانکا رنج مرے دل مین آگیا	کیا کوزہ تھا کہ جسمین یہ دریا سما گیا	امیر لکھنوی
رواج	″	۰	حکمرانی ہی حسن کی اے عشق	سکہ داغ کا رواج ہوا	آتش لکھنوی
			گل ہین خوشرو مگر ہین بیر دلی	شہر مین پہون کا رواج نہین	ناسخ لکھنوی
سیج	۰	مؤنث	ہر روش سبزہ پڑا ن عکس گل و لالہ تہا	سیج تہی پہولون کی بالای بساطِ مخمل	امیر لکھنوی
شطرنج	۰	″	جہانکو وضع جہان پایمال رکہتی ہی	نئی طرح کی یہ شطرنج چال رکہتی ہی	امیر لکھنوی
